© rasailojaraid.com



**المصباح** | نگرانِ اعلیٰ عارف محمود - باہتمام جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان، ۱-اے ذیلدار پارک اچھرہ، لاہور نمبر ۱۶ - قیمت فی شمارہ ۴/- روپے - سالانہ ۲۵/- روپے -

اِس اشاعتِ خاص میں مولانا محمد چراغ علیہ الرحمہ کے سانحۂ رحلت پر مضمون ہے - تسخیر جلال آباد میں تاخیر کے اسباب بھی بیان کئے گئے ہیں، پھر زیادہ تر مختلف علاقوں کی سالانہ رپورٹیں ہیں جن میں کارکردگی بیان کی گئی ہے -

---

**تحریکِ اِسلامی سے متعلق چند باتیں** | ڈاکٹر عنایت اللہ خاں اندرابی - ناظم اعلیٰ اِسلامی جمعیت طلبہ، جموں وکشمیر، سری نگر - قیمت : ۳/- روپے

سفید کاغذ پر صاف کتابت وطباعت کے ساتھ یہ رسالہ مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن کی صفائی دیتے ہوئے تحریکِ اِسلامی کے لوگوں کو باندازِ دگر درسِ انقلاب دیتا ہے - ساری ترجمانی اس فلاسفی کی ہے جس کا سرچشمہ ایران کا قم بنا - ڈاکٹر کلیم صدیقی کا راگ ہم نے بارہا سُنا - اُن ہنگاموں کا بھی ہمیں علم ہے کہ جو ان کی مختلف کانفرنسوں میں اُٹھے - آپ ان کی صفائی کیا دیں گے - سعودی عرب پر اعتماد نہیں، لہٰذا جدوجہد ہونی چاہیے کہ صحیح اِسلامی حکومت قائم ہو - (وہ جدوجہد کیا ہوگی، کیسے ہوگی اور اُسے آپ امریکہ اور رُوس، اسرائیل اور عربستان کی داخلی متصادم قوتوں سے کیسے بچائیں گے) جب تک ایسا نہ ہو، منتقی علماء پر مشتمل ایک عالمی کمیشن سعودی عرب میں مستقل سیکرٹری ایبٹ قائم کرکے حج سے متعلق اُمور کی دیکھ بھال کرے - سوال یہ ہے کہ ایسی حکومت در حکومت چلے گی کیسے؟ کوئی حکومت اپنے ملازمین اور خزانے یا اپنے اختیارات کو دوسروں کے حوالے کرکے باقی رہ ہی نہیں سکتی - سطحی باتیں کرنے کے بجائے اس پر ٹھوس بحث کیجیے - وابستگی اِسلامی جمعیت طلبہ سے؟ اور خطابات تحریکِ اسلامی سے؟ اور طرزِ بیان ایجی ٹیٹروں جیسا؟ یعنی جہاں جوڑ ڈھانچے قائم ہیں وہاں بھی عالمی طاقتوں کے لیے اکھاڑے بنائیے اور پھر آرام سے تسبیح پڑھیے -

---

© rasailojaraid.com